**Pakistan Tehreek-e-Insaf**

**Central Media Department**

# الیکشن کمیشن کے بعد پنجاب میں نام نہاد سیاسی انتظامیہ کی عدلیہ کو نیچا دکھانے کی شرمناک کوششوں کا معاملہ

پاکستان تحریک انصاف کی جانب سے لاہور ہائیکورٹ کے خلاف منظم انتظامی و ریاستی یلغار کی شدید مذمت

لاقانونیت کی بنیادوں پر کھڑا ریاستی بندوبست پورے ادارہ جاتی بندوبست کو تباہ کرنے کی راہ پر گامزن ہے،

ریاستی نظم کی دستوری ترتیب کو تہہ و بالا کرتے ہوئے ہر اس ادارے اور شخصیت کو نشانہ بنایا جارہا ہے جو آئین و قانون پر چلنے کا خواہاں ہے،

بدترین سیاسی اور انتظامی انجینئرنگ میں ملوث ریاستی عناصر نہایت منظم انداز میں لاہور ہائیکورٹ خصوصاً چیف جسٹس کو نیچا دکھانے کی کوششوں میں ہیں،

پہلے انتخابی ٹربیونلز کے معاملے پر الیکشن کمیشن کے ذریعے چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ کی نامزدگیوں پر غیر قانونی طور پر نکتہ چینی کی گئی،

اب انسدادِ دہشت گردی عدالتوں کیلئے ججز کی نامزدگیوں کے ساتھ بالکل غیر قانونی طور پر چھیڑ چھاڑ کی شرمناک کوششوں کا سلسلہ جاری ہے،

اس غیر قانونی مداخلت کا واحد مقصد لاقانونیّت اور سیاسی انتقام کے رواں ریاستی سلسلے کا دوام اور مینڈیٹ چور حکومتوں کے سیاسی اہداف کی تکمیل ہے،

چیف جسٹس آف پاکستان عدالتی امور میں خفیہ ایجنسیوں کی مداخلت کیطرح انتظامی مداخلت سے عدلیہ کو غیر مؤثر کرنے کی کوششوں کا بھی نوٹس لیں،

پاکستان تحریک انصاف آئین و قانون کی حکمرانی کو پیشہ وارانہ امور کا مرکز بنانے والے ہر ادارے اور شخصیت کے ساتھ کھڑی ہے،

ترجمان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ